# 01-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آنے والے شعبہ میں تفریح کا شعبہ ملک کی جی ڈی پی میں اہم حصہ ادا کرے گی۔ انہوں نے ویوز سمٹ کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

۲۔ ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ٹریڈ یونینوں اور مختلف تنظیموں کے ورکرس سے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ تعاون کریں اور مزید کچھ وقت کیلئے اپنے مطالبات کو پورا کرنے کیلئے دباو؟ نہ ڈالا جائے۔

۳۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے انتخابی قواعد کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے ہیں جس کے ذریعہ ووٹنگ کا طریقہ کار مزید آسان ہوگا۔

اور

۴۔ وزیراعظم نریندر مودی کل آندھرا پردیش کا دورہ کریں گے اور دارالحکومت امراوتی میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کریں گے۔

PM WAVES:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج ہندوستان تیزی سے فلم پروڈکشن، ڈیجیٹل مواد، گیمنگ، فیشن، موسیقی اور لائیو کنسرٹس کے میدان میں ایک عالمی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بات ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ ویوز 2025 کے کے افتتاح کے موقع پر کہی، جو جیو ورلڈ سینٹر، ممبئی میں منعقد ہوئی۔ وزیراعظم نے اپنی تقریر میں عالمی اینیمیشن مارکیٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت اس کی مالیت 430 ارب امریکی ڈالر سے زائد ہے اور آئندہ دہائی میں یہ دوگنا ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ ملک کی اینیمیشن اور گرافکس انڈسٹری کے لیے ایک اہم موقع ہے جس سے عالمی سطح پر بھارت کی موجودگی کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویوز صرف ایک مخفف نہیں بلکہ ایک "لہر" ہے جو ثقافت، تخلیق اور عالمی روابط کی نمائندگی کرتی ہے۔ وزیراعظم نے ملک کی تخلیقی معیشت کی وسیع صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ آنے والے برسوں میں اس شعبے کا ملک کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں نمایاں حصہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ ویوز کانفرنس میں سو سے زائد بین الاقوامی ممالک کی توجہ حاصل کی ہے۔ جس میں ان ممالک کے مختلف فنکار، اختراع کار، سرمایہ کار اور پالیسی ساز شریک ہیں۔ وزیراعظم نے بازار کے اقدام کو بھی سراہا، جس سے نئی سوچ رکھنے والے تخلیق کاروں اور اختراع کاروں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

Sound Byte

مودی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی تخلیقی معیشت میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور آنے والے برسوں میں اس کا ملک کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ وزیر اعظم نے ملک کی نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ عالمی منڈی میں تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے اپنی پہچان بنائیں اور اس شعبے میں بھارت کو قیادت کی نئی بلندیوں تک لے جائیں۔

Sound Byte.

وزیر اعظم نے ملک کی گہری ثقافتی جڑوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ہر گلی کی ایک کہانی رہی ہے۔ ان کے مطابق ہندوستانی فلمیں اب دنیا کے ہر کونے میں پہنچ رہی ہیں اور ہندوستان فلمیں سو سے زائد ممالک میں ریلیز ہوتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں او ٹی ٹی شعبہ میں زبردست ترقی کی ہے جبکہ یہ صحیح ٹائم ہے جس کے ذریعہ ہندوستان میں تخلیق کو دنیا بھر میں تخلیق کیلئے بنایا جائے۔

KHEL RATNA:

امور نوجوانان اور اسپورٹس کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج بیڈمنٹن چمپئنس چراغ شیٹی اور ست وک سائی راج رنکی ریڈی کو نئی دہلی میں میجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈ 2023 پیش کیا۔ مانڈویا نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ ایوارڈ دونوں کھلاڑیوں کے جذبہ اور بیڈمنٹن کورٹ پر غیر معمولی کارکردگی کا اعتراف خدمات ہے۔ وزیر نے اِن بیڈمنٹن کھلاڑیوں کے ساتھ مستقبل کیلئے نیک تمناوں کا بھی اظہار کیا۔

IPL:

آئی پی ایل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج شام ممبئی انڈینس اور راجستھان رائلس کے درمیان جئے پور کے سوائے مان سنگھ اسٹیڈیم میں میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔ اس میچ کے دوران تمام نظریں چودہ سالہ سنسنی خیز کھلاڑی ویبھو سوریہ ونشی پر ہوں گی، جنہوں نے اپنے پچھلے مقابلہ میں 35 گیندوں میں ریکارڈ قائم کرنے والی سنچری بناتے ہوئے کرکٹ کی دنیا کو دنگ کردیا تھا۔

CATESURVEY:

ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آئندہ مردم شماری کے حصہ کے طور پر ذات پات کا سروے کرائے جانے سے متعلق مرکزی حکومت کے فیصلہ کا آج خیر مقدم کیا ہے۔ حیدرآباد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے سی ایم نے نریندر مودی سے خواہش کی کہ اس سلسلہ میں سیاسی جماعتوں کے ساتھ وسیع تر مشاورت کی جائے جبکہ انہوں نے مودی پر زور دیا کہ جب طریقہ کار مکمل ہوجائے تب اس بات کا اعلان کیا جائے۔ ریونت ریڈی نے مرکز سے اس بات کی بھی خواہش کی کہ

وزرا کی کمیٹی کے ساتھ ساتھ ایک سرکاری کمیٹی بھی تشکیل دی جائے جو اس معاملہ میں تمام تر تفصیلات پر نظر رکھ سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کاسٹ سروے کے تعلق سے اپنے تجربات کو مرکز کے ساتھ باٹنے کی بھی پیشکش کی اور اس بات کو یاد کیا کہ اس سلسلہ میں اسمبلی میں دو قرارداد یں منظور کی گئیں جنہیں پارلیمنٹ کو روانہ کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تلنگانہ نے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کی زیر نگرانی مناسب طریقہ سے ذات پات کا سروے کیا ہے جس کا مقصد پسماندہ طبقات کی بھلائی ہے۔

MAY DAY AWARDS:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ٹریڈ یونینوں اور مختلف اداروں کے ورکرس سے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ تعاون کریں اور کچھ عرصہ کیلئے اپنے مطالبات کو پورا کرنے پر زور نہ ڈالا جائے۔ حیدرآباد میں واقع رویندر بھارتی میں آج دوپہر منعقدہ مئی ڈے تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے سی ایم نے کہا کہ ریاست کی مالی صورتحال اچھی نہیں ہے، جبکہ حکومت معیشت کو معمول پر لانے کیلئے اپنی طرف سے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ ریونت ریڈی نے ٹریڈ یونینوں اور ورکرس کی اسوسی ایشنوں سے یہ بھی کہا کہ اشتعال میں نہ آئیں اور نہ ہی ہڑتال کیلئے جائیں۔ انہوں نے اس موقع پر علیحدہ ریاست تحریک کے دوران مختلف تنظیموں کے ورکرس کی خدمات کو بھی یاد کیا۔

SOUND BYTE – CM

وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر متعلقہ شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دینے والے مختلف افراد کو شرم شکتی ایوارڈس اور بیسٹ مینجمنٹ ایوارڈس پیش کیے۔

EC INITIATIVES:

الیکشن کمیشن نے انتخابی فہرستوں کی درستگی کو بہتر بنانے اور عوام کے لیے ووٹنگ کے عمل کو مزید سہل بنانے کے لیے نئے اقدامات متعارف کرائے ہیں۔ ان اقدامات کے تحت، کمیشن اب رجسٹرار جنرل آف انڈیا سے اموات کے اندراج کا ڈیٹا الیکٹرانک طریقے سے حاصل کرے گا۔ اس نظام سے الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز کو رجسٹرڈ اموات کی بروقت معلومات دستیاب ہوں گی، جس کے نتیجے میں بوتھ لیول کے عہدیداروں کو فیلڈ دوروں کے ذریعے ان معلومات کی دوبارہ تصدیق کرنے میں سہولت حاصل ہوگی — اور انہیں فارم 7 کے تحت رسمی درخواست کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ علاوہ ازیں، ووٹرز کی سہولت کے لیے ووٹر انفارمیشن سلپس کے ڈیزائن میں بھی تبدیلی کی گئی ہے۔ اب ووٹر کے سیریل نمبر اور پارٹ نمبر کو بڑے فونٹ سائز میں نمایاں کیا جائے گا تاکہ ووٹ ڈالنے والے افراد کو اپنا پولنگ اسٹیشن پہچاننے میں آسانی ہو اور پولنگ عملہ بھی انتخابی فہرست میں ان کے نام کو جلدی تلاش کر سکے۔

MAOISTS:

ضلع ملگو میں واقع کارے گٹہ ہل جو کسی وقت چھتیس گڑھ ۔تلنگانہ سرحد پر ماو؟ نوازوں کا ایک بڑا مرکز تھا، مرکزی سلامتی دستوں نے 9 دن تک مخالف نکسلائٹ آپریشن کے ذریعہ اِس علاقہ پر دوبارہ اپنا قبضہ کرلیا ہے۔ کارے گٹہ ہل ایک گھنا جنگلاتی علاقہ ہے، جہاں ہدماں، دیوا، دومدھر، آزاد اور سوجا تا جیسے سرکردہ نکسلائٹس رہتے تھے۔ تاہم سلامتی دستوں نے اس علاقہ پر مکمل طور پر قبضہ کرلیا ہے اور وہاں ایک بلند مقام پر ترنگا لہرادیا گیا ہے۔ یہ آپریشن چھتیس گڑھ کے علاقہ بستر میں کیا گیا جس میں تقریباً 24 ہزار سیکورٹی جوانوں نے حصہ لیا جن کا مختلف یونٹوں سے تعلق ہے۔ ان میں اے لائٹ کمانڈو بٹلائنس برائے ریزولیوٹ ایکشن (کوبرا) بھی شامل ہے۔ پولیس ذرائع نے آج یہ بات بتائی۔

LAXMAN:

راجیہ سبھا رکن و بی جے پی او بی سی قومی صدر ڈاکٹر لکشمن نے عام مردم شماری میں ذات پات کے سروے کو شامل کرنے پر وزیراعظم نریندر مودی کے فیصلہ کی ستائش کی ہے۔ لکشمن نے اس تاریخی فیصلہ کیلئے نریندر مودی کو ماڈرن امبیڈکر قرار دیا۔ حیدرآباد میں آج پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سب کا ساتھ سب کا وکاس کو نظر میں رکھتے ہوئے مودی سماج کے تمام طبقات کی بھلائی پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے اپنی حکمرانی کے 60 سال کے دوران اس اہم فیصلہ کو نظرانداز کرنے پر کانگریس کو تنقید کا نشانہ بنایا اور ریاست تلنگانہ میں بی سی ذات پات کے سروے کو غیر سائنٹفک قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ سیاسی فائدہ کیلئے کیا گیا۔

PM VISIT:

وزیراعظم نریندر مودی کل آندھراپردیش کا دورہ کریں گے اور ریاست کے دارالحکومت امراوتی میں مختلف ترقیاتی کاموں کا آغاز کریں گے۔ ایک دہائی کے دوران امراوتی میں دوسری مرتبہ ترقیاتی کاموں کا آغاز ہوگا۔ جیسا کہ وزیراعظم مودی اس سے پہلے بھی 22 اکتوبر 2015 میں ان کاموں کا آغاز کرچکے ہیں۔ مودی تقریباً تین بجے سہ پہر گناورم ایرپورٹ پہنچیں گے اور دارالحکومت کے تعمیری کاموں کے آغاز کیلئے منعقد ہونے والی سرکاری تقریب میں شرکت کریں گے۔ یہ کام 49 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے کئے جائیں گے۔ بعدازاں نریندر مودی، وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو کے ساتھ ایک عوامی جلسہ کو بھی منعقد کریں گے۔